| Narration | Time |
|---|---|
| Meet The GIMP کے ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:18 |
| یہ ٹیوٹوریل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانرٹ کی طرف سے تیار کیا گیا ہے. | 00:21 |
| اب ٹیوٹوریل شروع کرتے ہیں ایک ای میل کے ساتھ جو مجھے ملا. | 00:27 |
| مجھے یہ David Vansalan کی طرف سے موصول ہوااوراس نے مجھ سے پوچھا کہ GIMP میں جیومیٹرکس کے ساتھ سادہ تصویر کو کس طرح بناتے ہیں | 00:33 |
| سب سے آسان طریقے سے شروع کرتے ہیں یعنی سیدھی لائن کے ساتھ . | 00:45 |
| ایک سیدھی لائن کو بنانا مشکل ہوسکتا ہے لیکن اگر آپ یہاں ایک پوائنٹ بنالیں اور Shift کی دبائیں اور ایک اور پوائنٹ بنائیں، آپ آسانی سے ایک سیدھی لائن بنا سکتے ہیں. | 00:55 |
| تو یہ سیدھی لائنیں ہیں. | 01:14 |
| انڈو کرنے کے لئے Ctrl + Z دبائیں. | 01:19 |
| چوکور تھوڑا سا زیادہ مشکل ہے. | 01:24 |
| ٹول باکس پر جائیں اور rectangle ٹول منتخب کریں. | 01:28 |
| aspect ratio کو 3 by 3 رکھیں. | 01:36 |
| تو یہ چوکور ہونا چاہیئے. | 01:41 |
| اب میرے پاس ایک چوکور سلیکشن ہے۔ Edit پر اور پھر Stroke Selection پر جائیں | 01:44 |
| میں یہاں کچھ تبدیلی کرسکتا ہوں. | 01:52 |
| میں لائن کی چوڑائی مقرر کرسکتا ہوں یا میں paint ٹول استعمال کرسکتا ہوں، میں paint ٹول میں brush چنتا ہوں اور stroke پر کلک کرتا ہوں. | 01:55 |
| اور یہاں آپ کے پاس آپکا چوکور ہے. | 02:10 |
| اگر میں اس چوکور کو بھرنا چاہتا ہوں، یہ آسان ہے،صرف یہاں colour pallet پر جائیں اور سیاہ رنگ کو چوکور میں ڈریگ کریں. | 02:14 |
| یہی عمل ellipse سلیکشن کے ساتھ کی جاسکتی ہے. | 02:25 |
| میں ellipse منتخب کرسکتا ہوں، Edit پر جائیں اور Stroke Selection منتخب کریں. | 02:30 |

| | |
|---|---|
| 02:40 | زیادہ مشکل تصاویر کے لئے Path ٹول منتخب کریں. |
| 02:46 | میں پوائنٹس بنا کر path بنا سکتا ہوں اور جب میں آخری پوائنٹ پر کلک کرتا ہوں تو میرا path مکمل ہو جاتا ہے. |
| 02:56 | پھر میں Edit کے لئے یہاں جا سکتا ہوں اور اپنی مرضی کے مطابق، ان ہینڈلس کو تبدیل کرنا شروع کر سکتا ہوں. |
| 03:06 | آپ اسکی مشق کر سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں. |
| 03:10 | یہ بہت آسان ہے. |
| 03:17 | آخری چیز جو میں کرنا چاہتا ہوں وہ ہے stroke the path |
| 03:22 | یہاں مجھے وہی آپشن ملتے ہیں اور جب میں stroke پر کلک کرتا ہوں تو مجھے ایک مکمل لائن ملتی ہے. |
| 03:29 | یہ سیدھی لائن نہیں ہے پر بالکل صحیح لائن ہے. |
| 03:34 | اس ہفتے کے لئے اتنا ہی تھا. |
| 03:37 | مزید معلومات کے لئے http://meetthegimp.org پر جائیں اور اگر آپ کو کوئی تبصرہ بھیجنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی info@meetthegimp.org. ملاحظہ کریں. |
| 03:54 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ. |